**ایران سے بھارتی شہریوں کو نکالنے کے لئے بھارت نے آپریشن سندھو کا آغاز کر دیا ہے (جون 18 ، 2025)**

جون 18، 2025

ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے نتیجے میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر، حکومتِ ہند گزشتہ کئی دنوں سے ایران میں مقیم بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔

2. پہلے مرحلے میں بھارتی سفارتخانے نے شمالی ایران سے 110 بھارتی طلباء کو نکال لیا ہے، اور انہیں بحفاظت 17 جون 2025 کو آرمینیا میں داخل ہونے میں مدد فراہم کی. طلباء نے ایران اور آرمینیا میں قائم ہماری مشنز کی نگرانی میں سڑک کے راستے آرمینیا کے دارالحکومت یریوان کا سفر کیا. یہ طلباء 18 جون 2025 کو 1455 بجے یریوان سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے روانہ ہوئے، اور آپریشن سندھو کے ابتدائی مراحل کے تحت 19 جون 2025 کی علی الصبح نئی دہلی پہنچ گئے۔

3. حکومتِ ہند ایران اور آرمینیائی حکومتوں کی شکر گزار ہے جنہوں نے انخلا کے عمل کو خوش اسلوبی سے مکمل کرنے میں تعاون فراہم کیا.

4. بھارت بیرون ملک مقیم بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے. جاری آپریشن کے تحت، ایران میں بھارتی سفارت خانہ بڑی تعداد میں بھارتی شہریوں کو اُن علاقوں سے، جہاں جھڑپیں بڑھ رہی ہیں، نسبتاً محفوظ علاقوں میں منتقل کرنے میں مدد فراہم کر رہا ہے، تاکہ بعد ازاں دستیاب اور قابلِ عمل ذرائع سے انخلا ممکن بنایا جا سکے.

5. ایران میں مقیم بھارتی صلاح دی جاتی ہے کہ وہ تہران میں بھارتی سفارت خانے کے ہنگامی ہیلپ لائن کے ذریعے رابطے میں رہیں، اور نئی دہلی میں وزارت خارجہ کی جانب سے قائم کردہ 24x7 کنٹرول روم سے بھی رابطہ کریں.

6. تہران میں بھارتی سفارت خانے کے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبرز درج ذیل ہیں:

I. صرف کال کے لئے: +98 9128109115, +98 9128109109

ii. واٹس ایپ کے لئے: +98 901044557, +98 9015993320, +91 8086871709

iii. بندر عباس: +98 9177699036

iv. زاہدان: +98 9396356649

v. ای میل- cons.tehran@mea.gov.in

نئی دہلی میں وزارت خارجہ کی جانب سے قائم کردہ 24 X 7 کنٹرول روم کے ہیلپ لائن نمبرز:

800118797 (ٹول فری) ، +91-11-23017905, +91-11-23014104 , +91-11-23012113

واٹس ایپ: +91-9968291988؛ ای میل- situationroom@mea.gov.in

**نئی دہلی**
**جون 18، 2025**